Darul Iftaa
Madrasah Ariful Uloom
ST-11,Metrovil-3,Block"1" Scheme "33"Gulzar-e-Hijri Karachi
www.arifululoom.com arifululoom1990@gmail.com
www.facebook.com/madarsarifuloom 0322-6444659
Contact No 0333-6444659

MADARSA ARIF UL ULOOM

دار الافتاء
مدرسہ عارف العلوم (رجسٹرڈ) کراچی پاکستان
ایس ٹی۔۱۱ میٹروول ۳ اسکیم ۳۳ گلزار ہجری کراچی
رابطہ نمبر 0322-6444659
0333-6444659

سوال: طلاق کی عدت کی مدت کیا ہو گی؟

اگر شوہر نے 2 اکتوبر کو پیپر ارسال کیا اور بیوی کو 8 اکتوبر کو موصول ہوا تو عدت کب سے کب تک ہو گی؟

اگر طلاق کے 4 دن بعد حیض آجائے تو وہ شمار ہو گا یا نہیں؟

الجواب حامداو مصلیاو مسلما

صورت مسؤلہ میں جس عورت کو اس کے شوہر نے طلاق دی ہے اگر وہ حاملہ نہیں ہے تو تین ماہواری عدت گذاری گی اور اگر وہ حاملہ ہو تو اس کی عدت وضع حمل (یعنی بچہ کی پیدائش) ہے۔ طلاق کے متصل بعد عدت شروع ہو جاتی ہے لہذا اگر شوہر نے 2 اکتوبر کو طلاق دی تو عدت اسی دن سے شروع ہو جائی گی، طلاق کے پیپر موصول ہونے کے دن کا انتظار کرنا شرعا غلط ہے۔ نیز طلاق کے چار دن بعد اگر حیض آجائے تو وہ عدت میں شمار ہو گا۔

فتاویٰ ہندیہ میں ہے:

وَعِدَّةُ الْحَامِلِ أَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا كَذَا فِي الْكَافِي. سَوَاءٌ كَانَتْ حَامِلًا وَقْتَ وُجُوبِ الْعِدَّةِ أَوْ حَبِلَتْ بَعْدَ الْوُجُوبِ كَذَا فِي فَتَاوَى قَاضِي خَانْ. وَسَوَاءٌ كَانَتْ الْمَرْأَةُ حُرَّةً أَوْ مَمْلُوكَةً قِنَّةً أَوْ مُدَبَّرَةً أَوْ مُكَاتَبَةً أَوْ أُمَّ وَلَدٍ أَوْ مُسْتَسْعَاةً مُسْلِمَةً أَوْ كِتَابِيَّةً كَذَا فِي الْبَدَائِعِ.

وَسَوَاءٌ كَانَتْ عَنْ طَلَاقٍ أَوْ وَفَاةٍ أَوْ مُتَارَكَةٍ أَوْ وَطْءٍ بِشُبْهَةٍ كَذَا فِي النَّهْرِ الْفَائِقِ. وَسَوَاءٌ كَانَ الْحَمْلُ ثَابِتَ النَّسَبِ أَمْ لَا وَيُتَصَوَّرُ ذَلِكَ فِيمَنْ تَزَوَّجَ حَامِلًا بِالزِّنَا كَذَا فِي السِّرَاجِ الْوَهَّاجِ.

(کتاب الطلاق الباب الثالث عشر فی العدۃ 1/528 ط رشیدیہ)

ابْتِدَاءُ الْعِدَّةِ فِي الطَّلَاقِ عَقِيبَ الطَّلَاقِ وَفِي الْوَفَاةِ عَقِيبَ الْوَفَاةِ. فَإِنْ لَمْ تَعْلَمْ بِالطَّلَاقِ أَوْ الْوَفَاةِ حَتَّى مَضَتْ مُدَّةُ الْعِدَّةِ فَقَدْ انْقَضَتْ عِدَّتُهَا كَذَا فِي الْهِدَايَةِ.

(کتاب الطلاق الباب الثالث عشر فی العدۃ 1/532،531 ط رشیدیہ)

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم بالصواب

دارالافتاء مدرسہ عارف العلوم کراچی

20 ربیع الثانی 1447ھ / 14 اکتوبر 2025ء

فتویٰ نمبر: 491

دار الافتاء
مدرسہ عارف العلوم (ٹرسٹ)
ایس ٹی ۱۱، میٹروول ۳، اسکیم ۳۳
گلشن اقبال، کراچی